

# فیڈرل بیورو آف جیلز
# پری ٹرائل حراست کے دوران
# قانونی رسائی کی ہینڈ بک

یہ معلومات اس بارے میں ہیں کہ پری ٹری ٹرائل حراست کے مقدمے کے دوران بالغ افراد کیسے عدالت اور اپنے وکیل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

# پری ٹرائل حراستی قانونی رسائی ہینڈ بک

## جدول مندرجات


**مقدمہ** ---------- 4
کیا یہ ہینڈ بک مجھ پر لاگو ہوتی ہے؟ ---------- 4
یہ ہینڈ بک کن کن جیل حکام کیلئے ہے؟ ---------- 4
سوالات؟ ---------- 5
**زبان کی مدد اور سہولیات** ---------- 6
**قانونی ملاقات** ---------- 8
ذاتی طور پر قانونی دورے اور ملاقاتی ---------- 8
قانونی ملاقات کے اوقات کیا ہیں؟ ---------- 8
غیر وکیل قانونی ملاقاتی ---------- 8
مجازی قانونی ملاقاتیں ---------- 9
**اپنے وکیل سے رابطے کے بارے میں** ---------- 9
اپنے وکیل کے ساتھ فون رابطہ ---------- 9
1. حراستی مرکز کے پری ٹرائل مقدمہ سیکشن میں قانونی مشاورت کیلئے فون کی سہولت 9
2. یونٹ ٹیم کے ذریعے قانونی فون کالز کا وقت طے کرنا ---------- 10
3. قانونی مشاورت کیلئے ٹرو فون کال (TRUFONE Call) ---------- 10
ای میل رابطے ---------- 10
قانونی یا خصوصی میل اور ڈاک ---------- 11
**قانونی مواد** ---------- 12
کیا میرا وکیل قانونی مواد لا سکتا ہے؟ ---------- 12
قانونی مواد کی کاپیاں بنانا ---------- 13
**آپ کے بیورو ریکارڈز کیلئے درخواست کرنا** ---------- 13
میں اپنے مقدمے کی پری ٹرائل فائل کا مواد کیسے دیکھ سکتا ہوں؟ ---------- 13
میں اپنے صحت کے کارڈ کی کاپی کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟ ---------- 14
غیر نان ڈسکلوژردستاویزات کے بارے میں کیا ہو گا یا ان دستاویزات کے بارے میں جو میری فائل میں نہیں ہیں؟ ---------- 14
**الیکٹرانک اور فزیکل لائبریری** ---------- 14
کیا میں ایک دستاویز ٹائپ کر سکتا ہوں؟ ---------- 15
کیا میں خود اپنی قانونی تحقیق کر سکتا ہوں؟ ---------- 15
میں قانونی لائبریری کب استعمال کر سکتا ہوں؟ ---------- 15
**ڈسکوری ریویو** ---------- 16
میں اپنی ڈسکوری کو کیسے جان سکتا ہوں؟ ---------- 16
دریافت شدہ مواد یا حساس معلومات کے ساتھ دریافت شدہ مواد کے تحفظاتی حکم کے تحت کیا ہو گا ؟ ---------- 16
الیکٹرانک ڈسکوری کو لیبل کرنا اور برقی دریافت شدہ مواد کی لیبلنگ ---------- 16
ڈسکوری کمپیوٹر ---------- 17
پری ٹرائل فیسیلیٹیز کے ذریعے ڈسکوری کا جائزہ ---------- 17
**نوٹری پبلک** ---------- 19
**چشمہ** ---------- 19
پریسکرپشن چشمے ---------- 19
پڑھنے کا چشمہ ---------- 19
آنکھوں کا معائنہ ---------- 19
**پری ٹرائل رپورٹس کا جائزہ** ---------- 20

میری پری سینٹنس رپورٹ (PSR) میں کیا ہے؟ ---------------------------------------------------------------------- 20
سزا سنانے سے پہلے --------------------------------------------------------------------------------------------------------------- 20
سزا کے بعد ------------------------------------------------------------------------------------------------------------------------------ 20
**خصوصی رہائشی یونٹ میں قانونی رسائی ----------------------------------------------------------------------------------------** 21

# مقدمہ

یہ پری ٹرائل حراست قانونی امداد تک رسائی ہینڈ بک (''بیورو ''یعنی جیل حکام) میں قانونی رسائی کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے، جو بالغ افراد کے لیے ہے جو زیرِ حراست ہیں اور جن پر فوجداری مقدمات درپیش ہیں۔

معلومات اشاعت کی تاریخ تک جدید ہیں۔ اپنی حراست سے متعلق معلومات کے لیے جو قانونی رسائی سے متعلق نہیں ہیں، اپنے ادارے کے داخلہ اور تعارفی کتابچہ دیکھیں۔

## کیا یہ ہینڈ بک مجھ پر لاگو ہوتا ہے؟

ایک فوجداری مقدمہ اس وقت شروع ہوتا ہے جب آپ کو گرفتار کیا جاتا ہے اور استغاثہ کی طرف سے مبینہ طور پر جرم، یا جرائم کا الزام عائد کیا جاتا ہے۔ جج فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو رہا کرنا ہے یا آپ کا مقدمہ آگے بڑھنے کے دوران حراست میں رکھنا ہے۔ اگر جج آپ کو حراست میں رکھتا ہے، تو یہ ہینڈ بک آپ پر لاگو ہوتی ہے۔ یہ ہینڈ بک اس وقت آپ پر لاگو ہوگی جب آپ بیورو کی مقدمے سے پہلے کی تحویل میں ہوں گے اور جب تک آپ کو سزا نہیں سنائی جاتی ہے۔حراستِ قبل از مقدمہ کے درجے والے افراد کو آئینی قانوني عمل اور اپنے وکیل تک رسائی کے کچھ خاص حقوق حاصل ہیں. اپنے وکیل تک رسائی میں دفاعی ٹیم کے کسی بھی قانونی معاون تک رسائی شامل ہے۔

## یہ ہینڈبک کن کن جیل حکام کے لیے ہے؟

یہ ہینڈ بک، بیورو کی پری ٹرائل سہولیات میں قانونی امداد تک رسائی کے بارے میں ایک عام رہنما ہے. اصول اور طریقہ کار مختلف ہو سکتے ہیں اگر:

- آپ کو کسی ایسے مکان میں منتقل کر دیا جائے جو بیورو کے زیرِ انتظام نہ ہو۔
- آپ کے فوجداری مقدمے میں سزا سنائے جانے پر اور آپ کو بیورو کی اس جیل میں منتقل کر دیا جائے جو سزا یافتہ مجرموں کو رکھتی ہے..

یہ جگہیں زیرِ حراست ایسے افراد کے لیے ہیں جن کا مقدمہ ابھی چل رہا ہے

| پری ٹرائل حراستی جیلیں: | |
|---|---|
| • میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین (MDC Brooklyn)<br>• میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز، شکاگو (MCC Chicago)<br>• میٹروپولیٹن حراستی مرکز، گوانیابو (MDC Guaynabo)<br>• فیڈرل حراستی جیل، ہونولولو (FDC Honolulu)<br>• فیڈرل حراستی جیل، ہیوسٹن (FDC Houston) | • میٹروپولیٹن حراستی مرکز لاس آینجلس (MDC Los Angeles)<br>• فیڈرل حراستی جیل، میامی( FDC Miami)<br>• فیڈرل حراستی جیل، فلاڈیلفیا (FDC Philadelphia)<br>• فیڈرل حراستی مرکز، سی ٹیک اور سی ایٹل (FDC SeaTac)<br>• میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز سان ڈئیگو (MCC San Diego) |
| **حراستی مراکز دورانِ مقدمہ والی جیلز:** | |
| • فیڈرل حراستی جیل، ایٹلانٹا (FDC Atlanta)<br>• فیڈرل حراستی جیل، میلان (FDC Milan)<br>• فیڈرل حراستی جیل، شریڈن (FDC Sheridan)<br>• فیڈرل حراستی جیل، تالاھاسی (FDC Tallahassee) | • فیڈرل حراستی جیل، اینگل وڈ (FDC Englewood)<br>• فیڈرل حراستی مرکز، فورٹ ورتھ (FDC Fort Worth)<br>• فیڈرل حراستی مرکز، سیگوول (FDC Seagoville) |

پری ٹرائل یونٹس یا بستر کی جگہوں کے ساتھ بیورو کی دیگر سہولیات بھی ہیں۔ اگر آپ بیورو کی سہولت میں پری ٹرائل ایڈلٹ ان کسٹڈی (AIC) ہیں جو درج فہرست پری ٹرائل سہولیات میں سے ایک نہیں ہے، تو آپ کو وہی یا اسی طرح کی قانونی رسائی حاصل ہونی چاہئیے۔ اس میں یہ بھی شامل ہے کہ اگر آپ ذہنی صحت کے معائنے یا بحالی کے لیے کسی سہولت پر ہیں۔ اگر آپ کو اپنی سہولت پر قانونی رسائی کا مقامی طریقہ کار معلوم نہیں ہے، تو آپ اپنی یونٹ ٹیم کو تحریری طور پر قانونی رسائی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

### سوالات؟

یہ ہینڈ بک ایک عام گائیڈ ہے۔ یہ قانونی رسائی کے بارے میں ہر سوال کا جواب نہیں دے سکتی ہے۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو اپنی یونٹ ٹیم سے پوچھیں۔ اس ٹیم میں یونٹ مینیجر، مشیر، کیس مینیجر اور یونٹ سیکرٹری شامل ہیں۔ آپ کی یونٹ ٹیم آپ کو کوئی قانونی مشورہ نہیں دے سکتی ہے۔ قانونی مشورے کے لیے، آپ کو اپنے وکیل سے رابطہ کرنا چاہئیے۔

# زبان کی مدد اور دیگر سہولیات

**مجھے یہ ہینڈ بک اس زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں چاہئیے جس میں یہ مجھے ملی ہے!**

Please show an employee this sentence if you need this Pretrial Detention Legal Access Handbook in this language (English).

يُرجى أن تُظهِر هذه الجملة لأحد الموظفين إذا أردت الحصول على دليل الوصول القانوني لما قبل المحاكمة بهذه اللغة (العربية). [Arabic]

Muéstrele esta oración a un empleado si necesita este Manual de acceso jurídico durante la detención previa al juicio en este idioma (español). [Spanish]

Խնդրում ենք աշխատակցին ցույց տալ այս նախադասությունը, եթե Ձեզ անհրաժեշտ է այս լեզվով (հայերեն) նախնական կալանքի իրավական մուտքի ձեռնարկը: [Armenian]

如果您需要这种语言（简体中文）的审前拘留法律服务手册，请向员工出示此句子。 [Chinese – Simplified]

如果您需要這種語言（繁體中文）的審前拘留法律服務手冊，請向員工出示此句子。 [Chinese – Traditional]

لطفا اگر به این دفترچه راهنمای دسترسی قانونی بازداشت پیش از محاکمه به زبان دری نیاز دارید به کارمندان این جمله را  نشان دهید. [Dari]

ਕਿਰਪਾ ਕਰਕੇ ਕਿਸੇ ਕਰਮਚਾਰੀ ਨੂੰ ਇਹ ਵਾਕ ਦਿਖਾਓ ਜੇਕਰ ਤੁਹਾਨੂੰ ਇਸ ਭਾਸ਼ਾ (ਪੰਜਾਬੀ) ਵਿੱਚ ਪ੍ਰੀ-ਟਰਾਇਲ ਡਿਟੈਂਸ਼ਨ ਲੀਗਲ ਐਕਸੈਸ ਹੈਂਡਬੁੱਕ ਦੀ ਲੋੜ ਹੈ। [Eastern Punjabi]

لطفا اگر به این دفترچه راهنمای دسترسی قانونی بازداشت پیش از محاکمه به زبان فارسی نیاز دارید به کارمندان این جمله را  نشان دهید. [Farsi]

Veuillez montrer cette phrase à un employé si vous avez besoin de ce guide d’accès juridique lors de la détention provisoire dans cette langue (français). [French]

Bitte zeigen Sie diesen Satz einem Angestellten, wenn Sie dieses Handbuch für den Zugang zu Rechtsdienstleistungen für Personen in Untersuchungshaft in dieser Sprache (Deutsch) benötigen. [German]

Παρακαλείσθε να δείξετε σε έναν υπάλληλο αυτήν την πρόταση εάν χρειάζεστε αυτό το εγχειρίδιο νομικής πρόσβασης κατά την προφυλάκιση σε αυτήν τη γλώσσα (ελληνικά). [Greek]

Tanpri montre yon anplwaye fraz sa a si ou bezwen Manyèl Aksè Legal Detansyon Anvan Jijman sa a nan lang sa a (Kreyòl). [Haitian Creole]

Mostra a un dipendente questa frase se hai bisogno di questa Guida per l’accesso legale durante la custodia cautelare in questa lingua (italiano). [Italian]

あなたがこの言語（日本語版）の未決拘留者の法的権利へのアクセスに関するハンドブックを必要とされる場合は、この文を担当者に示しください。 [Japanese]

귀하가 이 언어(한국어)로 된 미결 구금 법적 접근 안내서가 필요한 경우, 이 문장을 직원에게 보여주십시오. [Korean]

Por favor, mostre esta frase a um funcionário, se você precisar deste Manual de Acesso Jurídico para Detenção Pré-Julgamento neste idioma (português). [Portuguese]

Если вам нужно получить этот "Справочник о правах доступа к юридическим услугам во время досудебного содержания под стражей" на этом языке (на русском) – просим вас показать это предложение работнику заведения. [Russian]

Покажите неком од запослених ову реченицу ако вам овај Приручник о приступу правним питањима за лица у притвору треба на овом језику (српски). [Serbian]

Mangyaring ipakita sa isang empleyado ang pangungusap na ito kung kailangan mo itong Polyeto ng Legal na Pag-abot ng Pretrial na Pagkulong sa wikang ito (Tagalog). [Tagalog]

กรุณาแสดงประโยคนี้แก่พนักงานหากคุณต้องการคู่มือการเข้าถึงความช่วยเหลือทางกฎหมายระหว่างการควบคุมตัวก่อนการขึ้นพิจารณาคดีในตามภาษาในเล่มนี้ (ไทย) [Thai]

Bu Yargılama Öncesi Gözaltı Yasal Erişim El Kitabına bu dilde (Türkçe) ihtiyacınız varsa lütfen bir çalışana bu cümleyi gösterin. [Turkish]

Якщо вам потрібно отримати цей "Довідник з прав доступу до юридичних послуг при досудовому утриманні під вартою" на цій мові (на українською) - просимо показати це речення працівнику закладу. [Ukrainian]

اگر آپ کو پری ٹرائل کے مقدمے کے دوران قانونی امداد تک رسائی کے متعلق یہ ہینڈ بک اس زبان (اردو) میں چاہئیے، تو براہ کرم کسی ملازم کو یہ جملہ دکھائیں۔ [Urdu]

Vui lòng cho nhân viên thấy câu này nếu quý vị cần một bản dịch tiếng Việt của Sổ Hướng dẫn Cách tiếp cận Pháp lý khi bị Tạm giam Trước xét xử này. [Vietnamese]

اگر آپ انگریزی نہیں بولتے ہیں، تو آپ اپنی یونٹ ٹیم سے درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ سہولت میں اہم معلومات کی وضاحت لیے پیشہ ور ترجمے کی سروس، لینگویج لائن سروسز (ایل ایل ایس) کی خدمات فراہم کریں۔

اگر آپ کو سماعت کی کمی کا مسئلہ ہے یا آپ مکمل طور پر بہرے ہیں، تو آپ اپنی یونٹ ٹیم سے درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ آپ کو معلومات تحریری طور پر فراہم کریں یا اشاروں کی زبان میں ترجمے کی سروس فراہم کریں۔

اگر آپ کو معذوری کی وجہ سے ان میں سے کسی بھی پروگرام یا خدمات تک رسائی کے لیے اضافی مدد یا رہائش کی ضرورت ہے، تو آپ اپنی یونٹ ٹیم کو رہائش کی درخواست دے سکتے ہیں۔

# قانونی ملاقات

آپ کو اپنے وکیل سے اپنے مقدمے پر بات چیت کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ اور آپ کے وکیل کے درمیان قانونی ملاقات کے دوران ہونے والی کوئی بھی گفتگو خفیہ ہے۔ "خفیہ" کا مطلب ہے کہ دوسرے لوگوں کو آپ کی گفتگو سننے کے قابل نہیں ہونا چاہئیے۔ "خفیہ" کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ نے اپنے وکیل سے کن باتوں پر بحث کی ہے، اس بارے میں کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔

## ذاتی طور پر قانونی دورے اور ملاقاتی

آپ کا وکیل آپ کی مقامی جیل میں طے شدہ قانونی ملاقات کے اوقات میں ذاتی طور پر آپ سے مل سکتا ہے. آپ کو کسی خاص حراستی یونٹ میں رکھا گیا ہے تو، قانونی ملاقات کے لیے آپ کے وکیل کو وقت طے کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آپ کی قانونی ملاقات ایک الگ جگہ پر ہونی چاہئیے تاکہ آپ اپنے وکیل کے ساتھ خفیہ گفتگو کر سکیں۔ حراستی مرکز کے ملازمین قانونی ملاقات کے دوران آپ کو دیکھنے کے قابل تو ہوں گے لیکن آپ کی گفتگو سننے کے قابل نہیں ہوں گے.

اگر انفرادی ملاقات کے لیے کمرے پُر ہیں تو آپ کو شاید اس وقت تک انتظار کرنا پڑے گا جب تک کوئی کمرہ خالی ہو جائے یا پھر کسی اور وقت اپنے وکیل سے ملاقات کریں۔ جیل خانوں میں، بعض اوقات وکیل عام علاقے میں اپنے موکلوں سے ملتے ہیں۔ وہ باوجود اس کے، عام علاقے میں اپنے وکیل سے ملاقات کرنے سے بغیر کسی کے سننے یا چھپ کر بات چیت کرنے میں مشکل پیدا ہو سکتی ہے. آپ کا وکیل آپ کو بتائے گا کہ یہ بہترین آپشن ہے یا نہیں.

## قانونی ملاقات کے اوقات کیا ہیں؟

قانونی ملاقات کے اوقات ہفتے میں سات (7) دن دستیاب ہیں۔ ہر جیل کے اوقات الگ الگ ہوتے ہیں۔ [1] بعض صورتوں میں، آپ اپنے وکیل کے ساتھ باقاعدہ اوقات کے علاوہ قانونی ملاقات کا بندوبست کر سکتے ہیں. یہ آپ کے معاملے کی نوعیت اور ملازمین کی دستیابی پر منحصر ہے۔

## غیر وکیل قانونی ملاقاتی

عام طور پر بیورو آپ کی دفاعی ٹیم کے غیر وکیل اراکین کو "قانونی معاون" سمجھتا ہے۔ ان میں یہ شامل ہو سکتے ہیں:

- ایک تفتیش کار
- دماغی صحت کا اور نفسیات کا ماہر
- ایک سماجی کارکن
- سزا کم کرنے والا ماہر
- ایک پیرا لیگل اور قانونی معاون
- ایک انٹرن جس کی عمر کم از کم 18 سال ہو۔
- ایک مقرر کردہ ماہر گواہ
- قانونی کلرک

[1] اگر آپ کو خاص حراستی یونٹ (SHU) میں رکھا گیا ہے یا کسی ہنگامی صورت حال کے دوران، قانونی ملاقات کے اوقات مختلف ہو سکتے ہیں.

چونکہ یہ افراد لائسنس یافتہ وکیل نہیں ہیں، اس لیے آپ سے ملاقات کے لیے انہیں الگ الگ قواعد کی پابندی کرنی چاہئیے۔

آپ کے وکیل کو ایک فارم BP-A0243، "ادارے میں بطور نمائندے داخل ہونے کی درخواست" پُر کرنا ہوگا۔ ("نمائندہ فارم") آپ سے ملنے کی منظوری کے لیے قانونی معاون کی درخواست کرنے کے لیے۔ انہیں سال میں ایک بار ایسا کرنا چاہئیے۔ اگر قانونی معاون وفاقی عوامی مدافع کے مستند ملازم نہیں ہیں، تو انہیں بھی سال میں ایک بار پس منظر کی جانچ پاس اور بیک گراؤنڈ چک پاس کرنی ہوتی ہے۔[2] قانونی معاون کے منظور ہونے کے بعد، ان کی وہی حیثیت ہوگی جو آپ کے وکیل کی قانونی ملاقات کے لیے ہوگی۔ .[3]

*قانونی ملاقاتوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، پروگرام اسٹیٹمنٹ 1315.07، قانونی سرگرمیاں، قیدی، دفعات ملاحظہ کریں. متعلقہ سیکشن 12 اور 15 دیکھیں*

## مجازی قانونی ملاقاتیں

آپ کے وکیل، آپ کے معاملے کے حالات اور کارکنوں کی دستیابی کے لحاظ سے، ادارے سے مجازی قانونی ملاقات کا تقاضا کر سکتے ہیں اور ملازمین کی دستیابی شاذ و نادر صورتوں میں، ایک سہولت مستقل بنیادوں پر مجازی قانونی دوروں کی پیشکش کر سکتی ہے۔

| صرف فیڈرل حراستی جیل، شریڈن کے لیے (FDC Sheridan) |
| --- |
| **اگر آپ کو فیڈرل حراستی جیل، شریڈن (FDC Sheridan) میں رکھا گیا ہے تو، آپ کا وکیل اوریگن فیڈرل ڈیفینڈر (Oregon Federal Defender) کے ساتھ ایک مجازی قانونی ملاقات شیڈول کر سکتا ہے۔ وہ اس شیڈول کی معلومات خود ادارے کو فراہم کرے گا۔** |
| **صرف میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین کے لیے (MDC Brooklyn)** |
| **اگر آپ کو میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین (MDC Brooklyn) میں رکھا گیا ہے، تو آپ کا وکیل مشرقی ضلع فیڈرل ڈیفینڈرز آفس (Eastern District Federal Defenders Office) کے ساتھ ایک مجازی قانونی ملاقات کا وقت طے کر سکتا ہے۔ وہ اس شیڈول کی معلومات خود ادارے کو فراہم کرے گا۔** |



# اپنے وکیل سے رابطے کے بارے میں:

**اپنے وکیل کی ساتھ فون رابطہ**

آپ اپنے وکیل سے فون پر تین طریقوں سے بات کر سکتے ہیں۔

### 1. حراستی مرکز کے پری ٹرائل سیکشن میں قانونی مشاورت کے لیے فون کی سہولت

دس حراستی مراکز کے پری ٹرائل سیکشنز میں قانونی مشاورت کے لیے فون کی سہولت دستیاب ہے۔ یہ سہولت وکیل دفاع سے پہلے سے طے شدہ اور تصدیق شدہ فون نمبرز پر مختصر، براہِ راست اور بغیر نگرانی کے فون کال کی اجازت دیتی ہے۔

**کیا میں اس فون پر اپنے وکیل کو کال کر سکتا ہوں؟**

---

[2] اگر انفرادی کیس میں اچھی وجہ ہے، تو جیل کو سال میں ایک سے زیادہ مرتبہ قانونی معاون کی دوبارہ اجازت درکار ہو سکتی ہے۔
[3] وکیل سے قانونی ملاقات اور خط و کتابت کا اختیار حاصل کرنے کے لیے، معاونِ قانونی کا اپنے وکیل کے ساتھ مسلسل نگرانی کا رشتہ ہونا ضروری نہیں ہے۔

- اگر آپ کا وکیل فیڈرل ڈیفینڈر کے لیے کام کرتا ہے، تو آپ کو اس فون پر ایک خفیہ کال کرنے کی اجازت ہونی چاہئیے۔
- اگر آپ کا وکیل فیڈرل ڈیفینڈر کا ملازم نہیں ہے، تو بھی آپ اس فون پر ایک خفیہ کال کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ آپ یونٹ ٹیم اور/یا اپنے وکیل سے پوچھ سکتے ہیں۔

### 2. یونٹ ٹیم کے ذریعے قانونی فون کالز کا وقت طے کرنا

اگر آپ کو اپنے وکیل کے ساتھ زیادہ لمبی اور بغیر نگرانی کے فون کال کی ضرورت ہے، تو آپ یا آپ کا وکیل یونٹ ٹیم سے درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ ایک بغیر نگرانی کے کال کا بندوبست کریں۔

یہ فون کالز آپ کے جرم سے متعلق مقدمے کے حالات اور عملے کی دستیابی پر فراہم کی جائیں گی۔ آپ کے وکیل سے بار بار یا لمبی بغیر نگرانی والی فون کالز کی صرف اس صورت میں اجازت دی جائے گی جب آپ یہ ثابت کر دیں کہ ڈاک، ملاقاتیں، یا آپ کے وکیل کے ساتھ عام فون کالز کافی نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کی عدالت میں جلد ہی سماعت کی تاریخ ہے یا آپ کا وکیل بہت دور رہتا ہے۔ آپ کو اپنی بغیر نگرانی والی کال کی درخواست یونٹ ٹیم کو فارم BP-A0148، قیدی کی عملے سے درخواست پر جمع کرانی چاہئیے۔ ان درخواستوں کا فیصلہ ہر معاملے کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔

### 3. قانونی مشاورت کے لیے ٹرو فون کال (TRUFONE Call)

آپ اپنے وکیل کا فون نمبر حراستی مرکز کے ٹرو فون کال (TRUFONE Call) سسٹم کی لسٹ میں شامل کرنے کی درخواست بھی دے سکتے ہیں۔ اگر آپ اس عام فون کے ذریعے اپنے وکیل کو کال کرتے ہیں تو یہ کال خفیہ نہیں ہوگی۔ کال ریکارڈ کی جائے گی۔ یہ ریکارڈنگز سنی جا سکتی ہیں اور ان کا قانون نافذ کرنے والے دیگر لوگوں کے ساتھ، بشمول آپ کے فوجداری مقدمے کے پراسیکیوٹر کے ساتھ شیئر کیا جا سکتا ہے۔ ایسی فون کالز پرعام طور پر پیسے لگتے ہیں، جب تک کہ یہ وصولی پر نہ ہوں۔

| صرف میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین کے لیے (MDC Brooklyn) |
|---|
| اگر آپ میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین (MDC Brooklyn ) میں رہائش پزیر ہیں، تو آپ کا وکیل مشرقی ضلع فیڈرل ڈیفینڈرز کے ذریعے قانونی مشاورت کے لیے ایک فون کال کی درخواست کر سکتا ہے۔ |
| **صرف میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز، شکاگو کے لیے (MCC Chicago)** |
| اگر آپ کو میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز، شکاگو (MCC Chicago) میں رکھا گیا ہے، تو آپ کا وکیل ہفتے کے دن آپ کے ساتھ قانونی کال کی درخواست کر سکتا ہے۔ ہر کال کی مدت 30 منٹ تک محدود ہے۔ آپ کے وکیل کو یہ کالز شیڈول کرنا ضروری ہیں۔ |
| **صرف فیڈرل حراستی جیل، ہونولولو کے لیے (FDC Honolulu)** |
| اگر آپ کو فیڈرل حراستی جیل، ہونولولو (FDC Honolulu) میں رکھا گیا ہے اور آپ کا وکیل جزیرہ اوآہو کے باہر رہتا ہے، تو آپ اپنی یونٹ ٹیم سے اپنے وکیل کے ساتھ زیادہ بار کیے جانے والے خفیہ قانونی کالز کی درخواست کر سکتے ہیں۔ |
| **صرف فیڈرل حراستی جیل، شریڈن کے لیے (FDC Sheridan)** |
| اگر آپ کو فیڈرل حراستی جیل، شریڈن (FDC Sheridan) میں رکھا گیا ہے تو آپ کا وکیل براہ راست اوریگن فیڈرل ڈیفینڈرکے ساتھ قانونی کال کا شیڈول بنا سکتا ہے، جو اس سہولت کو شیڈول فراہم کرے گا۔ |

*قانونی کالوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، پروگرام اسٹیٹمنٹ 5264.08، قیدی ٹیلی فون کے ضوابط دیکھیں۔*

**ای میل رابطہ**

عام طور پر آپ ٹرولینکس ( TRULINCS) کے ذریعے ایک ای میل اکاؤنٹ قائم کر سکتے۔ آپ اس کے بعد اپنے وکیل کا ای میل ایڈریس اپنی ( TRULINCS ) ٹرولینکس رابطہ فہرست میں شامل کر سکتے ہیں۔ جب آپ اپنے وکیل کے ای میل ایڈریس کو اپنی رابطہ فہرست میں شامل کرتے ہیں تو ٹرولینکس (TRULINCS) آپ کے وکیل کو ایک خودکار پیغام بھیجے گا جس میں ان سے پوچھا جائے گا کہ وہ آپ کے آنے والے ای میلز کو قبول کریں یا مسترد کریں۔ ایک بار جب آپ کا وکیل قبول کر لے تو آپ ایک دوسرے کو ای میل بھیجنا شروع کر سکتے ہیں۔

ٹرولنکس (TRULINCS) پر آپ جو ای میل بھیجتے اور حاصل کرتے ہیں، وہ رازدارانہ **نہیں ہیں۔** اس کا مطلب ہے کہ دیگر لوگ ان تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں پڑھ سکتے ہیں۔


## قانونی یا خصوصی میل اور ڈاک

آپ کے وکیل کی طرف سے آپ کو بھیجی جانے والی ڈاک کو قانونی ڈاک سمجھا جاتا ہے خصوصی ڈاک نوٹس (BP-A0493 ) ایک ایسی دستاویز ہے جسے آپ اپنے وکیل کو وکیل اور موکل کے درمیان ہونے والی خط و کتابت کے تقاضوں سے آگاہ کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ یونٹ ٹیم سے ایک کاپی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**موصول ہونے والی ای - میل اور ڈاک جو آپ کے وکیل کی طرف سے آپ کو بھیجی جاتی ہے۔**

آنے والی قانونی میل پر لیبل لگا ہونا ضروری ہے۔ لیبل میں واپسی کا پتہ شامل ہونا چاہئیے اور آپ کے وکیل کے پورے نام کی شناخت "وکیل" کی حیثیت سے ہونی چاہئیے۔ ڈاک جس پر لیبل لگا ہو "قانونی ڈاک - قیدی کی موجودگی میں ہی کھولا جائے" اور اس کے ساتھ مناسب شناخت بھی ہو تو اسے قانونی ڈاک کے طور پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ آپ کی یہ ذمہ داری ہے کہ آپ اپنے وکیل کو لیبل کی ضروریات سے آگاہ کریں۔ آپ کے وکیل کو خود کو "وکیل" کے طور پر شناخت کرانا ضروری ہے۔ "قانونی فرم" یا "Esq" لکھنا کافی نہیں ہے۔

**مثال:**




قانونی میل جس پر صحیح طور پر لیبل نہیں لگایا گیا ہے اس پر عام خط و کتابت کے طور پر کارروائی کی جا سکتی ہے۔ یہ اس بات کا مطلب ہے کہ بیورو کا ملازم ڈاک کھول سکتا ہے، اس کا معائنہ کر سکتا ہے، اسے پڑھ سکتا ہے اور اس کی کاپی بنا سکتا ہے۔


آنے والی خصوصی ڈاک میں وہ ڈاک شامل ہے جو مندرجہ ذیل ذرائع سے موصول ہوتی ہے: ریاستہائے متحدہ امریکہ کے صدر اور نائب صدر، وکلاء، امریکی کانگریس کے اراکین، سفارت خانے اور قونصل خانے، امریکی محکمہ انصاف (محکمہ جیل خانہ جات کے علاوہ لیکن امریکی وکلاء سمیت)، دیگر وفاقی قانون نافذ کرنے والے افسران، ریاستی اٹارنی جنرل، پراسیکیوٹنگ اٹارنی، گورنرز، امریکی عدالتیں (امریکی پروبیشن افسران سمیت)، اور ریاستی عدالتیں۔ خصوصی ڈاک کے طریقہ کار کے تحت آنے والے مراسلات کو پراسیس کرنے کے لیے دیکھیں (§§ 540.18--540.19)، بھیجنے والے کا مکمل نام واضح طور پر لفافے پر لکھا ہونا ضروری ہے، اور لفافے کے سامنے کی طرف "خصوصی ڈاک — صرف قیدی کی موجودگی میں کھولا جائے" کا نشان ہونا چاہئیے۔

جب خصوصی یا قانونی ڈاک موصول ہوتی ہے تو ملازمین اسے صرف آپ کی موجودگی میں کھولیں گے، علاوہ اس کے کہ اس میں ممنوعہ اشیاء ہونے کا معقول شبہ ہو۔ عام طور پر ڈاک کو ہفتے کے دوران موصول ہونے کے (24) گھنٹوں کے اندر پراسیس کیا جائے گا۔ ڈاک کو عموماً ہفتے کے آخر اور تعطیلات پر پراسیس نہیں کیا جاتا۔

**<u>باہر جانے والی ڈاک – جو آپ کی طرف سے بھیجی جاتی ہے۔</u>**

آپ کے وکیل یا عدالتوں کو بھیجی جانے والی قانونی یا خصوصی ڈاک پر "قانونی ڈاک" یا "خصوصی ڈاک" کا لیبل لگا ہونا چاہئیے اور اسے سیل اور بند کرنا چاہئیے۔ باہر جانے والی قانونی یا خصوصی ڈاک کو ہاؤسنگ یونٹ یا یونٹ ٹیم کے مقرر کردہ ملازم کو ہاتھ سے دینا ضروری ہے، ساتھ ہی آپ کا نام، رجسٹر نمبر، اور واپسی کا پتہ بھی دینا ہوگا۔ قانونی یا خصوصی ڈاک کی ٹریکنگ نہیں کی جا سکتی، جب تک کہ یہ رجسٹرڈ ڈاک (certified mail) کے ذریعے نہ بھیجی جائے۔ رجسٹرڈ ڈاک (certified mail) کے لیے آپ کو اضافی فیس ادا کرنی ہوگی۔

**مثال:**




باہر جانے والی "خصوصی ڈاک " سے مراد مندرجہ ذیل مراسلات ہیں: ریاستہائے متحدہ امریکہ کے صدر اور نائب صدر، امریکی عدلیہ کے وزارتِ انصاف (جس میں بیورو آف پریزنز شامل ہے)، امریکی اٹارنیز آفسز، سرجن جنرل، امریکی عوامی صحت کے خدمات، آرمی، نیوی، یا ائیر فورس کے وزیر، امریکی عدالتیں (جس میں امریکی پروبیشن افسر شامل ہیں)، امریکی کانگریس کے اراکین، سفارت خانے اور قونصل خانے، گورنرز، ریاستی اٹارنی جنرل، پراسیکیوٹنگ اٹارنیز، ریاستی کارروائی اداروں کے ڈائریکٹرز، ریاستی پیرول کمشنرز، ریاستی قانون سازوں کے اراکین، ریاستی عدالتیں، ریاستی پروبیشن افسرز، دیگر وفاقی اور ریاستی قانون نافذ کرنے والے دفاتر، وکلا، اور خبر رساں کے نمائندگان۔

## قانونی مواد

قانونی مواد میں آپ کے قانونی مقدمے سے متعلق کسی بھی قسم کے مواد شامل ہوتے ہیں، جیسے کہ دستاویزات یا نوٹس۔ آپ کو اگر بیورو ملازم کی منظوری ملے تو آپ کو ایک معقول مقدار قانونی مواد اپنے ساتھ قانونی ملاقات میں لے جانے کی اجازت ہوتی ہے۔

### کیا میرا وکیل قانونی مواد لا سکتا ہے؟

آپ کے وکیل آپ کی ملاقات کے وقت ادارے میں قانونی مواد لے کر آ سکتے ہیں۔ عموماً، آپ کو اپنی ملاقات ختم ہونے کے بعد مواد لے جانے کی اجازت نہیں ہوتی۔

سامنے کی لابی/داخلی دروازے میں ایک قانونی میل ڈراپ آف باکس موجود ہے۔ وکلا یا منظور شدہ قانونی مدد گار آپ کی ملاقات سے پہلے یا بعد میں آپ کے لیے قانونی مواد باکس میں ڈال سکتے ہیں۔

یقینی بنائیں کہ آپ کا وکیل قانونی مواد کو واضح طور پر اس کے ساتھ نشان زد کرے:

- ان کے نام،
- "وکیل" ان کے عنوان کے طور پر۔
- آپ کا نام،
- آپ کا رجسٹریشن نمبر
- واپسی کا پتہ، اور
- یہ بیان: "خصوصی [یا قانونی] میل اور ڈاک - صرف قیدی کی موجودگی میں کھولیں۔"

اگر آپ کے قانونی مواد اس معلومات کے ساتھ لیبل شدہ نہیں ہیں، تو انہیں عام خط و کتابت سمجھا جائے گا۔ زیادہ تر قانونی مواد کو ڈاک کے ذریعے قانونی ڈاک کے طور پر بھیجا جانا چاہئیے یا ادارے کے قانونی ڈاک کے ڈراپ باکس میں رکھا جانا چاہئیے۔

عام طور پر، آپ عدالت یا قانونی ملاقات سے واپسی پر ادارے سے اضافی قانونی مواد حاصل نہیں کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا وکیل آپ کو اضافی قانونی مواد فراہم کرنا چاہتا ہے تو اسے انہیں قانونی ڈاک کے طریقہ کار کے ذریعے بھیجنا چاہئیے یا ادارے کے قانونی میل باکس میں چھوڑ دینا چاہئیے۔

*مزید معلومات کے لیے، پروگرام کا بیان 1315.07، قانونی سرگرمیاں، قیدی اور پروگرام کا بیان 5265.11، خط و کتابت دیکھیں۔*

### قانونی مواد کی کاپیاں بنانا

آپ تعلیمی ادارے سے مدد مانگ سکتے ہیں تاکہ آپ کے تحقیقات یا قانونی معاملات کے لیے ضروری مواد کی نقل کروانے میں مدد ملے۔ تعلیمی ادارے میں عام طور پر ایک نقل مشین دستیاب ہوتی ہے۔ کاپیوں کی قیمت آپ کے قیدی اکاؤنٹ سے کاٹی جائے گی۔

اگر آپ کو کم سے کم کاپیوں کی ضرورت ہو یا آپ کے پاس فنڈز نہ ہوں اور مناسب تعداد میں مفت کاپیوں کی ضرورت ہو تو بیورو کا عملہ لاگت کو معاف کر سکتا ہے۔

## آپ کے بیورو ریکارڈز کیلئے درخواست کرنا

### میں اپنے مقدمے سے پہلے کی فائل پری ٹرائل فائل کا مواد کیسے دیکھ سکتا ہوں؟

آپ اپنے کیس مینیجر کی نگرانی میں اپنی مقدمے سے پہلے کی فائل کا مواد (اپنے صحت کے ریکارڈز کے علاوہ) دیکھنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ منظوری حاصل کرنے کے لیے، یونٹ ٹیم کو فارم (BP-A0148) ''قیدی کے عملے سے درخواست'' جمع کروائیں۔

آپ اپنی یونٹ ٹیم سے اپنے مقدمے سے پہلے کی فائل کے مواد میں سے کسی دستاویز کی کاپی کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔

آپ ہمیشہ فریڈم آف انفارمیشن ایکٹ (FOIA) درخواست دے کر اپنے مقدمے سے پہلے فائل اور پری ٹرائل مواد کے لیے معلومات طلب کر سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے مقدمے سے پہلے کی فائل اور پری ٹرائل فائل مواد میں دستاویزات کے لیے فریڈم آف انفارمیشن ایکٹ (FOIA) کی درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے، مگر جب تک آپ کی درخواست میں غیر فاش ہونے والی معلومات شامل نہ ہوں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ درخواست کی گئی معلومات کو فریڈم آف انفارمیشن ایکٹ (FOIA) کے بغیر شیئر نہیں کیا جا سکتا۔ ممکن ہے کہ یہ معلومات آپ کے ساتھ اصلاً شیئر نہیں کی جا سکیں۔

### میں اپنے صحت کے ریکارڈ کی کاپی کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ اپنی **طبی ریکارڈ** کی ایک کاپی مانگ سکتے ہیں۔

- اپنی طبی فائل سے ریکارڈز کے لیے، ایک قیدی کی عملے سے درخواست فارم BP-A0148، بیورو آف پرزنز میں جمع کروا کر صحت کی خدمات سے درخواست جمع کروائیں۔
- اپنی ذہنی صحت کی فائل کے ریکارڈز کے لیے، ایک قیدی کی عملے سے درخواست)فارم BP-A0148، بیورو آف پرزنز( جمع کرا کے نفسیات اور سائکولوجی سے درخواست جمع کروائیں۔

آپ سے آپ کے ریکارڈ کی کاپی کے لیے فیس وصول کی جا سکتی ہے۔ آپ کے کچھ صحت کے ریکارڈ ناقابلِ انکشاف ہو سکتے ہیں۔

### غیر نان ڈسکلوژر دستاویزات کے بارے میں کیا ہو گا؟ یا ان دستاویزات کے بارے میں جو میری فائل میں نہیں ہیں؟

اگر آپ بیورو ریکارڈ میں معلومات کی درخواست کریں جو آپ کو دی نہیں جا سکتیں، تو آپ کو ان معلومات کی فراہمی سے انکار کرنے والے انتظامی نوٹ کی نقل دیی جائے گی۔ آپ ان ریکارڈز کی درخواست فریڈم آف انفارمیشن ایکٹ (FOIA) کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں۔ ادارہ ریکارڈز کی ایک نقل اور آپ کی (FOIA) درخواست کے جائزے کے لیے ریلیز سے انکار کرنے والا انتظامی نوٹ بھیجے گا۔

اگر آپ اپنی ادارے کی فائلوں میں موجود نہ ہونے والے دیگر دستاویزات تک رسائی کی درخواست دینا چاہتے ہیں، تو آپ تحریری (FOIA) کو درخواست بھیج کر ایسا کر سکتے ہیں۔

آپ سب FOIA درخواستوں کو منسلک کرنے کے لیے یہ پتہ استعمال کرسکتے ہیں:

FOIA/PA Section
Office of General Counsel, Room 924
Federal Bureau of Prisons
First Street, N.W. 320
Washington, DC 20534

---

## الیکٹرانک اور فزیکل قانونی لائبریری

قیدی ہونے کے دوران آپ قانونی مواد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ قانونی دستاویزات تیار کر سکتے ہیں۔ بہت سے اداروں میں ایک فزیکل قانونی لائبریری موجود ہوتی ہے جس میں قانونی تحقیق کی کتب، ڈسکووری ریویو کے لیے کمپیوٹر، تعلیمی پروگرام، اور الیکٹرانک قانونی لائبریری (ELL) شامل ہوتی ہے۔ بیورو کا مرکزی دفتر ELL میں مواد اور ڈیٹا بیس کو برقرار رکھتا ہے۔

## کیا میں ایک دستاویز ٹائپ کر سکتا ہوں؟

آپ قانونی مقاصد کے لیے ٹائپ اور پرنٹ کرنے کے لیے کمپیوٹر استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے مقدمے سے پہلے حراستی یونٹ میں ایسا کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ آپ قانونی مقاصد کے لیے ٹائپ رائٹر استعمال کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ تاہم، تمام سہولیات میں ٹائپ رائٹر نہیں ہیں۔ آپ کو اپنا ٹائپ رائٹر ربن، کریکشن ٹیپ، اور ٹائپنگ پیپر خریدنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ یہ اشیاء کامسری سے خرید سکتے ہیں۔

## کیا میں خود اپنی قانونی تحقیق کر سکتا ہوں؟

آپ ELL کمپیوٹرز پر اپنی قانونی تحقیق کر سکتے ہیں۔ محکمہ تعلیم کی لائبریریوں یا تفریحی کمروں میں ELL کمپیوٹر موجود ہیں۔ ELL کمپیوٹر ہاؤسنگ یونٹس پر بھی دستیاب ہیں۔ ELL استعمال کرنے کے لیے کوئی چارج نہیں ہے۔ اگر آپ ELL سے پرنٹ کرتے ہیں تو فی صفحہ فیس ہوتی ہے۔ اگر آپ کو ELL کی تربیت کی ضرورت ہے، تو آپ محکمہ تعلیم کو BP-A0148 "قیدی درخواست برائے عملہ" جمع کروا سکتے ہیں۔

## میں قانونی لائبریری استعمال کر سکتا ہوں؟

فزیکل لائبریریاں ہاؤسنگ یونٹ یا محکمہ تعلیم میں ہو سکتی ہیں۔ آپ اپنے ہاؤسنگ یونٹ کی بنیاد پر مخصوص دنوں اور اوقات میں قانون/فراغت کی لائبریری استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ ان دنوں اور اوقات کو یونٹ بلٹن بورڈز پر دیکھ سکتے ہیں۔ آپ ELL کمپیوٹرز کو ہاؤسنگ یونٹس پر سیل ٹائم سے باہر ہونے کے دوران استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ تحقیق، دستاویز تیاری یا ڈسکوری ریویو کے لیے مزید وقت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ تعلیم کے شعبے کو زیادہ وقت کی درخواست کے لیے فارم BP-A0148 "قیدی کی عملے سے درخواست" جمع کروائیں مثال کے طور پر، آپ کو زیادہ وقت کی ضرورت ہو سکتی ہے اگر:

- آپ کے پاس آنے والی عدالت کی حتمی تاریخ ہے۔
- آپ کے پاس اپنے مقدمے کے لیے جائزہ لینے کے لیے بہت زیادہ دریافت شدہ مواد موجود ہے۔

بہت سے ادارے تعلیم کے لیے قانونی مقاصد کے لیے ڈیبٹ کارڈ سے چلنے والی کاپی مشینز رکھتے ہیں۔ آپ کامیسری سے ڈیبٹ کارڈ خرید سکتے ہیں۔

اگر آپ تنگ دست ہیں، تو آپ کے لیے درج ذیل حاصل کرنے کی اہلیت ہو سکتی ہے:

- ٹائپنگ ربن
- کریکشن ٹیپ
- اور ہر قانونی لائبریری کے سیشن کے لیے محدود تعداد میں فری کاپیاں۔

آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کو ''تنگ دست'' قرار دیا جائے۔ تعلیم کے شعبے کو ایک BP-A0148 "قیدی کی عملے سے درخواست" جمع کروائیں۔ حراست میں تنگ دستی کا تعین کرنے کے لیے بیورو آف پرزنز کے اپنے تقاضے ہیں۔ عدالت کی جانب سے تنگ دست قرار دیے جانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ بیورو کی ضروریات پورا کریں گے۔

*مزید معلومات کے لیے، برنامہ اسٹیٹمنٹ 1315.07، قیدی قانونی سرگرمیاں دیکھیں*

# ڈسکووری ریویو

آپ کو اپنے فوجداری مقدمے کے دوران حکومت کے ثبوت پر جائزہ لینے اور دفاع کی تیاری کرنے کا حق ہوتا ہے۔ حکومت عموماً اس ثبوت کو آپ کے وکیل کو الیکٹرانک طریقے سے دیتی ہے اور اسے ڈسکووری کہا جاتا ہے۔

## میں اپنی ڈسکووری کو کیسے جان سکتا ہوں؟

آپ کیلئے اپنی ڈسکووری کو جاننے کے متعدد طریقے ہیں:

- **اصل نسخے:** اگر آپ کی ڈسکووری ایک دستاویز ہے، تو آپ کا وکیل اسے پرنٹ کر کے اصل نسخہ دے سکتا ہے۔
- **کمپیوٹر:** آپ اپنی ڈسکووری کو کمپیوٹر پر دیکھ سکتے ہیں اگر:
  - اس میں بہت سی دستاویز شامل ہیں جو سب پرنٹ کرنا ممکن نہیں ہے،
  - یا اس میں آڈیو، ویڈیو، یا دیگر ڈیجیٹل فائلز شامل ہیں۔

جب آپ کے پاس الیکٹرانک ڈسکووری ہو اور اسے جاننے کی ضرورت ہو، آپ اپنے وکیل کے ساتھ قانونی وزٹ اورملاقات کے دوران اسے جان سکتے ہیں۔ آپ کیلئے ممکن ہو سکتا ہے کہ آپ اسے خود بھی بیورو ڈسکووری کمپیوٹر پر جان سکیں۔

## دریافت شدہ مواد کے تحفظاتی حکم کے تحت کیا ہوگا؟ یا حساس معلومات کے ساتھ دریافت شدہ مواد کیا ہو گا؟

آپ کیلئے عام علاقے میں کچھ دریافت شدہ مواد کو رکھنا یا دیکھنا ممکن ہو سکتا ہے۔ اس قسم کے دریافت شدہ مواد کو عام طور پر عدالت کے ذریعے "تحفظاتی حکم" نامی قانونی دستاویز میں محفوظ رکھنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ عدالت نے یہ حکم دیا ہے کہ کون دریافت شدہ مواد کو دیکھ سکتا ہے اور اس کا جائزہ لینے یا آپ کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقے کے بارے میں قواعد کیا ہیں۔

دریافت شدہ مواد میں حساس معلومات بھی موجود ہو سکتی ہیں۔ حکومت، یا آپ، یہ نہیں چاہتے ہوں گے کہ دوسرے لوگ حساس معلومات تک رسائی حاصل کریں یا اسے دیکھیں۔ یہ اس وقت بھی سچ ہو سکتا ہے، جب دریافت شدہ مواد تحفظاتی حکم کے تحت نہ ہو۔

دریافت شدہ مواد اگر تحفظاتی حکم کے تحت آتا ہے یا حساس ہے، تو آپ کو اسے اپنی یونٹ کے باہر کسی محفوظ جگہ پر یا صرف اپنے وکیل کے ساتھ دیکھنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## الیکٹرانک ڈسکووری کو لیبل کرنا اور برقی دریافت شدہ مواد کی لیبلنگ

جیل کے انحصار پر، آپ کو اپنے وکیل سے یا قانونی کارروائی چلانے والے ادارے، یعنی یو۔ایس۔ اٹارنی کے دفتر، سے برقی دریافت شدہ مواد مل سکتے ہیں۔ ہر ادارہ ضروری قرار دیتا ہے کہ آپ دریافت شدہ مواد کو مناسب طریقے سے لیبل کریں۔ دریافت شدہ مواد کو ادارے کے طریقہ کار کے مطابق بھی ہونا چاہئیے۔ یہ طریقہ کار عام طور پر ایک فارم پر مشتمل ہوتا ہے جس میں مخصوص معلومات کی درخواست کی جاتی ہے۔

برقی دریافت شدہ مواد عام طور پر برقی ذخیرہ سازی کے ذریعے فراہم کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ایک یو اس بی USB، بیرونی ہارڈ ڈرائیو، یا سی ڈی /ڈی وی ڈی CD/DVD۔ اگر ڈسکووری عدالتی حکم سے محفوظ ہو یا حساس ہو، تو اسے واضح طریقے سے لیبل کیا جانا ضروری ہے۔

اگر آپ کو اپنی ڈسکووری محفوظ رکھنے کی اجازت ہو، تو آپ کو ""انمیٹ تسلیم فارم" پر دستخط کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ یہ فارم اس بات کا اندراج کرتا ہے کہ آپ نے اپنی ڈسکوری وصول کر لی ہے۔

اگر آپ ایک پرو ۔ سی مدعا علیہ ہیں، تو استغاثہ کرنے والا اٹارنی، یا اسسٹنٹ یونائیٹڈ سٹیٹس اٹارنی (AUSA)، اسی طرح کے طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے آپ کی ڈسکوری سہولت کو بھیج سکتا ہے اور اس عمل کو سہولت کے قانونی محکمے کے ساتھ مربوط کرے گا۔

## ڈسکووری کمپیوٹر

تقریباً تمام پری ٹرائل فیسلٹیز ہاؤسنگ یونٹ اور تعلیمی اداروں میں ڈسکووری کمپیوٹرز موجود ہوتے ہیں۔ تمام پری ٹرائل فیسلٹیز میں کم از کم ایک ڈسکووری کمپیوٹر وزٹنگ روم میں ہوتا ہے۔

اگر آپ کو اپنی ڈسکووری کو جاننے کے لیے خصوصی جگہ کی ضرورت ہو، آپ وزٹنگ روم یا تعلیمی ادارے میں اسے دیکھنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ اس کام کو اس وقت تک کر سکتے ہیں جب تک جگہ اور بیورو وسائل اجازت دیں۔

اگر آپ کے پاس بیورو کی تنگ دستی کی حیثیت ہے تو آپ تعلیمی ادارے یا آپ کے یونٹ ٹیم سے ڈسکووری جائزہ لینے کے لیے ہیڈ فون کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنے فوجداری مقدمے کے پری ٹرائل مرحلے میں ہیں لیکن آپ مندرجہ بالا دس مخصوص پری ٹرائل بیورو فیسلٹیز میں نہیں ہیں، تو آپ کو ڈسکووری کا جائزہ لینے کی اجازت ہونی چاہئیے۔ اگر آپ کو اپنے ہاؤسنگ یونٹ یا تعلیمی ادارے میں ڈسکووری کمپیوٹر تک رسائی نہ ہو، تو آپ اپنی یونٹ ٹیم سے مدد کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔

## پری ٹرائل فیسلٹیز کے ذریعے الیکٹرانک ڈسکووری کا جائزہ

| میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین (MDC Brooklyn) |
| --- |
| • قانونی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کے بعد، آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری ہاؤسنگ یونٹ پر دی جائے گی۔ اسے استعمال نہ ہونے پر آپ کے بستر کے قریب آپ کے انفرادی لاکر میں محفوظ کیا جانا چاہئیے۔<br>• حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری صرف تعلیمی ادارے کی قانونی لائبریری میں رکھنے کی اجازت ہوتی ہے۔<br>• ڈسکووری مواد کو محفوظ کرنے کے لیے محفوظ لاکر موجود ہیں۔ آپ کو ایک لاکر اور ایک کمبینیشن دیا جائے گا۔<br>• آپ کو ہفتے میں ایک بار قانونی لائبریری جانے کی اجازت ہوتی ہے تاکہ آپ حفاظتی یا حساس مواد کا جائزہ لے سکیں، اور آپ کے لیے 90 منٹ کا وقت مخصوص ہوتا ہے۔ اگر آپ کو مزید وقت درکار ہو، تو آپ تعلیمی ملازمین اور یونٹ ٹیم سے درخواست کر سکتے ہیں۔<br>• خصوصی صورت حال میں، عدالت کا حکم ہو سکتا ہے کہ ڈسکووری کا جائزہ لینے کے لیے ایک لیپ ٹاپ فراہم کیا جائے۔ یہ لیپ ٹاپس وزٹنگ روم میں رکھے جاتے ہیں۔ آپ وزٹنگ روم میں پیر سے جمعرات تک صبح 8 بجے سے شام 3 بجے تک اپنی ڈسکووری کا جائزہ لینے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ |
| **میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز، شکاگو (MCC Chicago)** |
| • قانونی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کے بعد، آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری ہاؤسنگ یونٹ پر دی جائے گی۔<br>• آپ صرف تعلیمی ادارے میں حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری رکھ سکتے ہیں. آپ اسے تعلیمی ادارے کے سپروائزر سے چیک آؤٹ کر سکتے ہیں۔<br>• آپ حفاظتی یا حساس ڈسکووری کا جائزہ لینے کے لیے تعلیمی ادارے کے سپروائزر کے ساتھ وقت کا شیڈول بنا سکتے ہیں۔ |

## میٹروپولیٹن حراستی مرکز، گویانابو (MDC Guaynabo)

- قانونی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کے بعد، تمام الیکٹرانک ڈسکووری وزٹنگ روم میں ایک الماری میں محفوظ کی جائے گی۔ آپ اپنی یونٹ ٹیم یا ("OIC") جیل کی افسر سے اپنی ڈسکووری کا جائزہ لینے کے لیے وقت کی درخواست اور شیڈول کر سکتے ہیں۔
- میٹروپولیٹن حراستی مرکز، گویانابو (MDC Guaynabo) میں چار (4) بیورو ڈسکووری کمپیوٹرز موجود ہیں۔ آپ ان کا استعمال کر کے وزٹنگ روم میں محفوظ کمرے میں الیکٹرانک ڈسکووری کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

## فیڈرل حراستی جیل، ہونولولو (FDC Honolulu)

- جب یونٹ ٹیم کی منظوری ہو، تو وہ آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری دینے کے لیے آپ کے ہاؤسنگ یونٹ پر فراہم کریں گے۔
- حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری یونٹ ٹیم کے ذریعے محفوظ رکھی جاتی ہے۔ آپ یونٹ ٹیم سے اسے چیک آؤٹ کر سکتے ہیں۔

## فیڈرل حراستی جیل، ہیوسٹن (FDC Houston)

- یونٹ ٹیم اور کمپیوٹر سروسز کی منظوری کے بعد، آپ کیس سے متعلق ڈیجیٹل شواہد اپنے رہائشی یونٹ پر حاصل کر سکیں گے.
- فیڈرل حراستی جیل، ہیوسٹن (FDC Houston) کے پاس کوئی فزیکل قانونی لائبریری نہیں ہے جہاں ڈسکووری کو محفوظ رکھا اور دیکھا جا سکے۔ آپ صرف اپنے وکیل کے ساتھ وزٹنگ روم میں حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری دیکھ سکتے ہیں۔

## میٹروپولیٹن حراستی مرکز لاس اینجلس (MDC Los Angeles)

- قانونی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کے بعد، یونٹ ٹیم آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری فراہم کرے گا تاکہ آپ اپنے ہاؤسنگ یونٹ پر رکھ سکیں۔
- آپ کے وکیل کو حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری دیکھنے کے لیے قانونی ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔

## فیڈرل حراستی جیل، میامی( FDC Miami)

- لیگل لئے زون(Legal Liaison) کی منظوری کے بعد، یونٹ ٹیم آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری فراہم کرے گا تاکہ آپ اپنے ہاؤسنگ یونٹ پر رکھ سکیں۔
- آپ کے وکیل کو حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری دیکھنے کے لیے قانونی ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔

## فیڈرل حراستی جیل، فلاڈیلفیا (FDC Philadelphia)

- قانونی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کے بعد، یونٹ ٹیم آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری فراہم کرے گا تاکہ آپ اپنے ہاؤسنگ یونٹ پر رکھ سکیں۔
- آپ کو حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری یونٹ ٹیم سے چیک آؤٹ کرنی ہوگی اور واپس بھی دینی ہوگی۔

## میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز، سان ڈیاگو(MCC San Diego)

- جب یونٹ ٹیم کی منظوری ہو، تو وہ آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری دینے کے لیے آپ کے ہاؤسنگ یونٹ پر فراہم کریں گے۔
- آپ صرف تعلیمی ادارے کی قانونی لائبریری میں حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری کو چیک آؤٹ کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں۔

## فیڈرل حراستی مرکز، سی ٹیک اور سیاٹل (FDC SeaTac)

- جب یونٹ ٹیم کی منظوری ہو، تو وہ آپ کو الیکٹرانک ڈسکووری دینے کے لیے آپ کے ہاؤسنگ یونٹ پر فراہم کریں گے۔
- آپ صرف تعلیمی ادارے کی قانونی لائبریری میں حفاظتی یا حساس الیکٹرانک ڈسکووری کو چیک آؤٹ کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں۔

## نوٹری پبلک

نوٹری پبلک ایک ایسا شخص ہوتا ہے جسے اختیار اور لائسنس ہوتا ہے کہ وہ ایک شخص کی شناخت کی تصدیق کرے جو کسی دستخط یا دستاویز پر نام لکھتا ہے یا دستخط کرتا ہے۔

پری ٹرائل فیسلٹیز عموماً نوٹری خدمات فراہم نہیں کرتیں۔

اگر آپ کو نوٹری خدمات کی ضرورت ہو:

- آپ کی یونٹ ٹیم نوٹری پبلک تلاش کرنے کے بارے میں معلومات فراہم کر سکتی ہے؛ اور
- آپ کے وکیل اپنے اختیار شدہ قانونی اسسٹنٹ کے طور پر اپنے ساتھ نوٹری پبلک لے کر قانونی وزٹ کے لیے آ سکتے ہیں۔

## چشمہ

### پریسکرپشن چشمے

آپ اپنی پریسکرپشن عینکیں پری ٹرائل حراست میں اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس چشمہ نہیں ہے لیکن آپ کو اپنے قانونی مواد یا دریافت شدہ معلومات یا ڈسکوری کو پڑھنے کے لیے ان کی ضرورت ہے، تو آپ یہ کر سکتے ہیں:

- سہولتی مرکز سے درخواست کریں کہ وہ آپ کو فراہم کرے۔ یا
- کمیونٹی میں کسی شخص سے اپنی پریسکرپشن عینک بھیجنے کے لیے کہیں۔

آپ "اجازت برائے وصولی پیکج" فارم BP-A0331 کے ذریعے باہر سے پریسکرپشن عینک حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ فارم آپ کو اجازت دیتا ہے کہ عینک حراستی مرکز میں بھیجی جائے اور صحت کی خدمات کے ذریعے آپ کو فراہم کی جائے۔ اس کیلئے آپ کے وکیل کے ساتھ رابطہ کاری کی جا سکتی ہے۔

### پڑھنے کا چشمہ

پری ٹرائل سہولیات میں کامیسری کے پاس مختلف طاقت کے پڑھنے والے چشمے موجود ہوتے ہیں جو آپ خرید سکتے ہیں۔ اگر آپ تنگ دست ہیں، تو آپ ہیلتھ سروسز کے محکموں سے مفت پڑھنے کے چشمے مانگ سکتے ہیں۔

### آنکھوں کا معائنہ

آپ حراسدتی مرکز میں آنکھ کا معائنہ کرانے کی درخواست دے سکتے ہیں تاکہ جان سکیں کہ آیا آپ کو عینک کی ضرورت ہے اور اس کیلئے نسخہ حاصل کر سکیں۔ بیورو آپ کو پریسکرپشن عینک مفت فراہم کرے گا۔

لیکن آنکھ کا معائنہ اور عینک ملنے کے لیے انتظار کی لسٹ ہو سکتی, بغیر انتظار کا امکان ہو سکتا ہے۔ آپ باہر کے ذرائع سے پریسکرپشن چشمے اوپر بیان کردہ طریقہ کار کے ذریعے حاصل کر سکتے ہیں، اگر آپ کو ان کی ضرورت پہلے پڑتی ہے۔

*زیادہ معلومات کے لیے، پروگرام اسٹیٹمنٹ 5800.18، وصولی اور ڈسچارج مینوئل، سیکشن ملاحظہ کریں.* زیادہ معلومات کے لیے، سیکشن *403 اور پروگرام اسٹیٹمنٹ 6031.05، پیشنٹ کیئر، سیکشن دیکھیں۔ 27.*

# پری ٹرائل رپورٹس کا جائزہ

جب آپ مجرم ثابت ہو جائیں یا آپ کو مجرم قرار دے دیا جائے، چاہے وہ ایک مقدمہ کے ذریعے ہو یا مجرم قرار دینے کے ذریعے، امریکی پروبیشن (U.S. Probation) آپ کے لیے ایک پری سینٹنس رپورٹ (PSR) تیار کرے گی۔

## میری پری سینٹنس رپورٹ (PSR) میں کیا ہے؟

**پری سینٹنس رپورٹ (PSR):**

- محکمہ کو آپ کی ذاتی تاریخ کی مکمل رپورٹ فراہم کرتا ہے۔
- جرم کے برتاؤ کا تفصیلی خلاصہ فراہم کرتا ہے۔
- آپ کی ریاستہائے متحدہ امریکہ کے سزا سنانے والے کمیشن کے رہنما خطوط کی حد کا حساب لگاتا ہے، اور
- قسم کے بارے میں تجویزات فراہم کرتا ہے۔

آپ کو اپنی پری سینٹنس رپورٹ (PSR) کو دیکھنے کا حق ہے تاکہ آپ یہ یقینی بنا سکیں کہ یہ درست ہے اور موزوں معلومات فراہم کر سکیں۔

## سزا سنانے سے پہلے

اگر آپ بیورو کی تحویل میں ایک پری ٹرائل AIC ہیں جنہیں ابھی تک سزا نہیں سنائی گئی ہے، تو آپ اپنے PSR کی ایک کاپی رکھ سکتے ہیں اور اس کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ سزا سنانے کے دن تک آپ سزا سنانے کی تیاری کے لیے PSR کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ جب آپ PSR کا فعال طور پر جائزہ نہیں لے رہے ہیں تو آپ یونٹ ٹیم سے اپنا PSR اپنے پاس رکھنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

## سزا کے بعد

سزا سنائے جانے کے بعد، آپ کو اپنے PSR کی کاپی رکھنے سے منع کیا گیا ہے۔ زیر حراست تمام بالغوں کو اپنا PSR حاصل کرنے یا رکھنے سے منع کیا گیا ہے جب تک کہ وہ مقدمے کی سماعت سے پہلے حراست میں نہ ہوں اور انہیں ابھی تک سزا نہ دی گئی ہو۔ آپ کو اپنا PSR رکھنے سے منع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ آپ کو اپنا PSR دوسروں کو دکھانے یا دینے پر مجبور ہونے سے بچانا ہے۔ آپ کو اپنے اٹارنی یا یونٹ ٹیم کو کوئی بھی کاپی واپس کرنی ہوگی۔ اگر آپ کو سزا سنائے جانے کے بعد آپ کے پاس اپنے PSR کی کاپی ہے، تو آپ پر تادیبی کارروائی ہو سکتی ہے۔

سزا کے بعد، آپ صرف بیورو کے ملازم کی نگرانی میں اپنی حاضر پیشی رپورٹ PSR دیکھ سکتے ہیں۔

*مزید معلومات کے لیے براہ کرم پروگرام اسٹیٹمنٹ 1351.05، CN-1، ریلیز آف انفارمیشن دیکھیں.*

# خصوصی رہائشی یونٹ میں قانونی رسائی

اگر آپ خصوصی رہائشی یونٹ میں محدود رہائش میں ہیں، تو آپ کو اب بھی اپنے وکیل اور عدالتوں تک قانونی رسائی کا حق حاصل ہے۔ خصوصی رہائشی یونٹ میں عام قیدیوں کی آبادی کے مقابلے قانونی رسائی حاصل کرنے کا طریقہ مختلف ہو سکتا ہے۔

ہر حوالاتی سہولت کے خصوصی رہائشی یونٹ میں قانونی دستاویزات تک رسائی کے لیے کمپیوٹر اور الیکٹرانک قانونی لائبریری ELL دستیاب ہیں. آپ SHU خصوصی رہائشی یونٹ کے ملازم سے ڈسکوری یا الیکٹرانک قانونی لائبریری کمپیوٹر کا استعمال کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ عام طور پر، آپ کو محدود رہائش میں رہتے ہوئے TRULINCS ٹرولینکس استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی ہے۔ عام طور پر، قانونی ملاقاتیں خصوصی رہائشی یونٹ میں ہوتی ہیں، وزٹنگ روم میں نہیں۔ خصوصی رہائشی یونٹ میں نگرانی کے بغیر براہ راست فون بوتھ دستیاب نہیں ہیں۔ آپ اسی طریقہ کار کے ذریعے یونٹ ٹیم سے قانونی کال کی درخواست کر سکتے ہیں، جس کا ذکر اس ہینڈ بک میں اوپر کیا گیا ہے۔

| **میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین (MDC Brooklyn)، فیڈرل حراستی جیل ، فلاڈیلفیا (FDC Philadelphia)، میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز، شکاگو (MCC Chicago) صرف** |
|---|
| **اگر میٹروپولیٹن حراستی مرکز، بروکلین (MDC Brooklyn)، فیڈرل حراستی جیل ، فلاڈیلفیا (FDC Philadelphia)، میٹروپولیٹن اصلاحی مرکز، شکاگو (MCC Chicago)، میں رہتے ہیں، قانونی رسائی کی درخواست کے لیے متعلقہ یونٹ کے ذمہ دار افسر ( SHU Lieutenant) یا آپ خصوصی رہائشی یونٹ کے لیفٹیننٹ کو اپنی قانونی رسائی کی درخواست دے سکتے ہیں۔** |